

# سیکڑہ کی پہچان

**آؤ، دیکھیں۔** ۱ + ۹۹ کتنا ہوگا؟ اسے کس طرح لکھیں گے؟

اکائی ۹ + دہائی ۹ = ۹۹




دہائی ۹



اکائی ۹ — اکائی ۱


نو سے بڑا ہندسہ نہیں ہے اس لیے اکائی کے مقام پر ۱۰ اکائی جمع ہو جائے تو ان کا ایک گٹھّا باندھ کر بائیں جانب دہائی کے مقام پر لے جائیں گے۔

۱ + ۹۹



دہائی ۹ + دہائی ۱ = دہائی ۱۰

اب دہائی کے مقام پر دس دہائی ہو گئے۔ دس دہائی کا بڑا گٹھّا باندھ کر بائیں جانب سیکڑے کے مقام پر رکھیں گے۔ اِس بڑے گٹھے کا نام ہے 'سیکڑہ'۔ 'سیکڑہ' یعنی سو۔



سیکڑہ ۱

٠

دہائی صفر

٠

اکائی صفر

| سیکڑہ | دہائی | اکائی |
|---|---|---|
| ۱ | ٠ | ٠ |

اس میں ایک سیکڑہ، صفر دہائی اور صفر اکائی ہے۔ اسی لیے 'سو' کو '۱۰۰' اس طرح لکھتے ہیں۔